# ٹینڈر نوٹس برائے فریش راشن مالی سال 26-2025ء

۱۔ فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کو درج ذیل ٹھیکہ جات برائے مالی سال از 01 جولائی 2025ء تا 30 جون 2026ء تک کے لئے مندرجہ ذیل شرائط کی بنیاد پر مطلوب ہیں۔ جنکی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:-

| نمبر شمار | سپلائی برائے کنٹریکٹ اور یونٹ | درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ اور وقت | پری کوالیفیکیشن آف بڈرز پیپرا رولز 2004ء کی روشنی میں | ٹینڈر فارم کا اجراء | ٹینڈر وصول کیے جانے کی تاریخ اور وقت | ٹینڈر کھولے جانے کی تاریخ اور وقت |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | گوشت (تمام یونٹس ایف سی بلوچستان نارتھ، ٹریننگ سینٹر لورالائی اور ہیڈکوارٹر ایف سی بلوچستان (نارتھ) کوئٹہ) | 31 مئی 2025ء سے 14 جون 2025ء صبح 10 بجے تا 3 بجے دن | 15 جون 2025ء بوقت 11 بجے | 16 جون 2025ء بوقت 8 بجے شب | 17 جون 2025ء، بوقت 10 بجے دن | 17 جون 2025ء بوقت 11 بجے دن |
| ۲ | سبزی (تمام یونٹس ایف سی بلوچستان نارتھ، ٹریننگ سینٹر لورالائی اور ہیڈکوارٹر ایف سی بلوچستان (نارتھ) کوئٹہ) | "ایضاً" | "ایضاً" | "ایضاً" | "ایضاً" | "ایضاً" |
| ۳ | فروٹ (تمام یونٹس ایف سی بلوچستان نارتھ، ٹریننگ سینٹر لورالائی اور ہیڈکوارٹر ایف سی بلوچستان (نارتھ) کوئٹہ) | "ایضاً" | "ایضاً" | "ایضاً" | "ایضاً" | "ایضاً" |
| ۴ | لکڑی (تمام یونٹس ایف سی بلوچستان نارتھ، ٹریننگ سینٹر لورالائی اور ہیڈکوارٹر ایف سی بلوچستان (نارتھ) کوئٹہ) | "ایضاً" | "ایضاً" | "ایضاً" | "ایضاً" | "ایضاً" |
| ۵ | کیرج (تمام یونٹس ایف سی بلوچستان نارتھ، ٹریننگ سینٹر لورالائی اور ہیڈکوارٹر ایف سی بلوچستان (نارتھ) کوئٹہ) | "ایضاً" | "ایضاً" | "ایضاً" | "ایضاً" | "ایضاً" |
| ۶ | راشن برائے جانوران (ژوب ملیشیاء، چمن سکاؤٹس، قلعہ سیف اللہ سکاؤٹس، سبی سکاؤٹس، میوند رائفلز، بمبور رائفلز، سوئی رائفلز، غازہ بند سکاؤٹس، لورالائی سکاؤٹس اور نوشکی ملیشیاء) | "ایضاً" | "ایضاً" | "ایضاً" | "ایضاً" | "ایضاً" |

شرائط:-

۱۔ ہیڈکوارٹر ایف سی بلوچستان (نارتھ) اور ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی تمام یونٹوں کے لئے ہر ایٹم کا اوسط ریٹ بشمول (ڈیلیوری چارجز، مقامی ٹیکس، سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس اور دیگر متفرق اخراجات وغیرہ) پیکج کی بنیاد پر ہر ایک یونٹ (ژوب ملیشیاء، چمن سکاؤٹس، قلعہ سیف اللہ سکاؤٹس، لورالائی سکاؤٹس، ٹریننگ سینٹر لورالائی، سبی سکاؤٹس، میوند رائفلز، بمبور رائفلز، سوئی رائفلز، غازہ بند سکاؤٹس، چلتن رائفلز، نوشکی ملیشیاء اور ہیڈکوارٹر ایف سی بلوچستان (نارتھ) کوئٹہ) کے لیے منفرد ہوگا۔

۲۔ مقررہ تاریخ کو ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی طرف سے تشکیل دیئے گئے بورڈ کے روبرو پیپرا رولز 15 کی روشنی میں تمام بڈرز کو پری کوالیفیکیشن پراسیس سے گزرنا ہوگا۔

۳۔ تمام خواہشمند ٹھیکیداران / فرمز / کمپنیز پری کوالیفیکیشن پراسیس میں حصہ لیتے وقت مندرجہ ذیل کاغذات اپنے دلچسپی کے علاقے / یونٹ کے حساب سے ہمراہ لائیں گے:-

الف۔ متعلقہ تجربہ اور ماضی کی کارگزاری۔

ب۔ عملے، ایکیوپمنٹ کے سلسلے میں صلاحیتیں۔

پ۔ مالی حیثیت سرٹیفکیٹ۔

ت۔ موزوں انتظامی صلاحیت۔

ٹ۔ پچھلے تین سال کا ٹیکس کا گوشوارہ ایف بی آر سے تصدیق شدہ۔

ث۔ پچھلے ایک سال کی بینک ٹرانزیکشن اسٹیٹمنٹ، متعلقہ بینک سے تصدیق شدہ۔

ج۔ حلفیہ بیان (اسٹامپ پیپرز) آپ کی فرمز / کمپنیز کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ یا ڈیفالٹرز نہیں ہے۔

چ۔ 5% بڈ سیکیورٹی کی CDR (صرف اپنے دلچسپی کی یونٹ کے لیے) اور جس بینک سے CDR بنے گی اسی بینک کی بیلنس اسٹیٹمنٹ بھی منسلک ہونی چاہیئے۔

د۔ تمام خواہشمند ٹھیکیداران / فرمز / کمپنیز کو پری کوالیفیکیشن کے وقت آئی جی ایف سی (نارتھ) بلوچستان کے نام پر اپنے پسند کے علاقے کے لحاظ سے درخواست جمع کروانی ہوگی۔

۴۔ وہ تمام ٹھیکیداران / فرمز / کمپنیز جو کسی بھی سرکاری ڈیپارٹمنٹ سے بلیک لسٹ یا ڈیفالٹرز ہوں یا پھر ناقص کارگردگی کی وجہ سے نااہل کیے گئے ہوں پری کوالیفیکیشن پراسیس میں حصہ نہیں لے سکتے۔

۵۔ پری کوالیفیکیشن پراسیس میں کوالیفائی کرنے والے ٹھیکیداران / فرم / کمپنیز جو کہ پیرا نمبر 3 کے مطابق بورڈ اور بورڈ پریذیڈنٹ کو مطمئن کرسکیں ٹینڈر فارمز حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔

۶۔ تمام ٹھیکیداران / فرمز / کمپنیز درخواست دیتے وقت سالانہ ٹھیکہ کی کل مالیت کا 5% (اپنے دلچسپی کے علاقے کے لحاظ سے) بطور کال ڈیپازٹ، بینک ڈرافٹ یا پے آرڈر کی شکل میں جمع کرائیں گے جس کی تفصیل دفتر ہذا سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جا سکتی ہے۔ فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کے موجودہ ٹھیکیداران برائے سال 25-2024ء متعلقہ ٹھیکہ میں ذریعہ سے مستثنیٰ ہونگے۔ کال ڈیپازٹ کو یونٹوں کے مطابق رکھا گیا ہے تاکہ چھوٹے یا کم آمدن ٹھیکیدار بھی حصہ لے سکیں۔